## Maintain your Segment Balance & Win HBL PSL Tickets or Merchandize

**Terms & Conditions for Maintain your Segment Balance & Win HBL PSL Tickets or Merchandize Campaign**

1. These Terms and Conditions (“T&Cs”) shall apply to customers participating in the Maintain Your Preferred Balance & Win a HBL PSL Ticket /Merchandize Campaign (the “Campaign”). By maintaining the required balance as per the Campaign mechanics, the eligible customer (“Customer” or “You”) agrees to be bound by these T&Cs. This Campaign is organized by Habib Bank Limited (“HBL”).
2. This Campaign is intended to incentivize HBL Preferred Segment Mobile App Registered customers (only) to maintain or restore the required segment balance necessary to maintain their Preferred status and its associated benefits. Customers who meet this criterion during the Campaign Period will be eligible for entry into a lucky draw to win HBL PSL match tickets or HBL PSL Merchandize.
3. The Campaign shall be valid from 17$^{th}$ March to 5$^{th}$ April (the “Campaign Period”). HBL reserves the right to amend the Campaign Period at its discretion.
4. The Campaign is open to existing HBL Preferred accountholders who are registered on the Mobile App and reside in Pakistan. Only Customers with balances below the Preferred threshold (provided in para 5 below) before the start of the campaign period shall be eligible to participate in the Campaign.
5. To qualify for the lucky draw, customers must maintain the required Preferred segment threshold by the end of the Campaign Period as per HBL’s system records. The applicable minimum thresholds are PKR 500,000 for Current Accounts and PKR 750,000 for Savings Accounts.
6. Eligible customers who meet the balance criteria by the end of the Campaign Period shall qualify for a computerized lucky draw to be conducted after completion of the Campaign Period.
7. Participation in the campaign does not guarantee retention of Preferred status unless quarterly average balance criteria are independently met as per HBL’s SOBC, Part V.
8. 100 winners shall be selected through the lucky draw. Each winner shall receive 1 (one) HBL PSL match ticket or merchandize. Customers will not be having a choice over the reward.
9. HBL’s decision regarding winner selection shall be final and binding. Winners will be contacted through the officially registered contact details available in HBL’s records only.
10. HBL may use multiple modes of communication for the Campaign, including but not limited to website, bank representative calls, push notifications, etc.
11. For any complaints, customers may lodge their concerns through the Contact Centre helpline (111-111-425), at any HBL branch, or by visiting our website for a complete list of available channels.

12. HBL reserves the right to discontinue the campaign at any time and/or may revise these T&Cs at any time for any reason whatsoever by updating HBL's website i.e., https://www.hbl.com/hblmobile. It is advised that the customer should regularly check the HBL website to stay updated for any change
13. Tickets or merchandize are non-transferable and cannot be exchanged for cash or any other reward with HBL. In case of the reward being a HBL PSL match ticket, HBL shall only be responsible for providing the PSL match tickets and shall not bear any travel, accommodation, transportation, or any other associated costs incurred in attending the match. Tickets will be provided prior to the scheduled match date.
14. Customers whose accounts are closed, blocked, dormant, blacklisted, or under investigation at any time during or after the campaign period shall be disqualified.
15. In the event a winning customer cannot be reached after three attempts, HBL reserves the right to cancel the issuance of the tickets or merchandize to said customer. If contact is established with the customer within three attempts, the customer will be communicated about their win along with the branch they are supposed to collect the tickets or merchandize from. The winning customer will be given a period of three (3) working days to collect the tickets or merchandize after contact is established. Failure to do so will result in cancellation of the prize.
16. Employees of HBL are not eligible to participate in this campaign.
17. Customers maintaining only a credit card relationship (without a deposit account) are not eligible to participate in this campaign.
18. Roshan Digital Account and FCY-only account holders are not eligible to participate in this campaign unless they also maintain a qualifying local PKR account under the Preferred Segment.
19. These T&Cs constitute the entire agreement between the customer and HBL in relation to this campaign.
20. If any provision of these T&Cs is declared invalid, illegal, or unenforceable, the remaining provisions shall remain in full force and effect.
21. These T&Cs shall be governed by the laws of Pakistan, and any disputes shall be subject to the exclusive jurisdiction of the courts in Karachi, Pakistan.

# اپنا سیگمنٹ بیلنس برقرار رکھیں اور جیتیں HBL PSL کے ٹکٹس یا مرچنڈائز

1۔ یہ شرائط وضوابط ("T&Cs") ان صارفین پر لاگو ہوں گی جو'' اپنا پریفرڈ بیلنس برقرار رکھیں اور HBL PSL ٹکٹ/مرچنڈائز جیتیں کیمپین'' (" کیمپین ") میں حصہ لے رہے ہیں۔ کیمپین کے طریقہ کار کے مطابق مطلوبہ بیلنس برقرار رکھ کر، صارف ("صارف" یا" آپ") ان شرائط وضوابط کی پابندی کرنے پر اتفاق کرتے ہیں۔ یہ کیمپین حبیب بینک لمیٹڈ ("HBL") کی جانب سے منظم کی گئی ہے۔

2۔ اس کیمپین کا مقصد صرف HBL موبائل ایپ پر رجسٹرڈ "پریفرڈ سیگمنٹ" کے صارفین کو مطلوبہ بیلنس برقرار رکھنے یا دوبارہ بحال کرنے کی ترغیب دینا ہے، تاکہ وہ اپنی "پریفرڈ" حیثیت اور اس سے وابستہ فوائد برقرار رکھ سکیں۔ کیمپین کی مدت کے دوران اس معیار پر پورا اترنے والے صارفین HBL PSL میچ کے ٹکٹ یا HBL PSL مرچنڈائز جیتنے کے لیے لکی ڈرا میں شامل ہونے کے اہل ہوں گے۔

3۔ یہ کمپین 17 مارچ سے 5 اپریل ('' کمپین کی مدت '') تک فعال رہے گی۔ HBL اپنی صوابدید پر کمپین کی مدت میں تبدیلی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

4۔ یہ کیمپین ان موجودہ HBL پریفرڈ اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ہے جو موبائل ایپ پر رجسٹرڈ ہیں اور پاکستان میں مقیم ہیں۔ صرف وہ صارفین جن کا بیلنس کیمپین کے آغاز سے قبل پریفرڈ کی مقررہ حد (ذیل میں نمبر 5 میں فراہم کردہ) سے کم ہو، کیمپین میں شرکت کرنے کے اہل ہیں۔

5۔ لکی ڈرا میں شامل ہونے کے لیے صارفین کو کیمپین کی مدت کے اختتام تک HBL کے سسٹم ریکارڈ کے مطابق '' پریفرڈ سگمنٹ '' کی مطلوبہ لمٹ برقرار رکھنی ہوگی۔ کم از کم قابل اطلاق لمٹ کرنٹ اکاؤنٹس کے لیے 500,000 روپے اور سیونگز اکاؤنٹس کے لیے 750,000 روپے ہے۔

6۔ وہ اہل صارفین جو کیمپین کی مدت کے اختتام تک بیلنس کے معیار پر پورا اتریں گے، وہ کیمپین کے اختتام کے بعد منعقد ہونے والے کمپیوٹرائزڈ لکی ڈرا کے لیے اہل قرار پائیں گے۔

7۔ کیمپین میں شرکت '' پریفرڈ '' حیثیت برقرار رکھنے کی ضمانت نہیں ہے، تاوقتیکہ HBL کے شیڈول آف بینک چارجز (SOBC) حصہ V (HBL's SOBC, Part V) کے مطابق سہ ماہی اوسط بیلنس کا معیار آزادانہ طور پر پورا نہ کیا جائے۔

8۔ لکی ڈرا کے ذریعے 100 ونرز کا انتخاب کیا جائے گا۔ ہر ونر کو HBL PSL میچ کا ایک (1) ٹکٹ یا مرچنڈائز ملے گا۔ ریوارڈ کے حوالے سے صارف کے پاس انتخاب کا اختیار نہیں ہوگا۔

9۔ ونرز کے انتخاب کے حوالے سے HBL کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ ونرز سے صرف HBL کے ریکارڈ میں موجود ان کی آفیشل رجسٹرڈ تفصیلات کے ذریعے رابطہ کیا جائے گا۔

10۔ HBL اس کیمپین کے لیے رابطے کے متعدد ذرائع استعمال کر سکتا ہے، بشمول ویب سائٹ، بینک کے نمائندے کے ذریعے کالز، پش نوٹیفیکیشنز وغیرہ، تاہم یہ صرف ان ذرائع تک محدود نہیں ہے۔

11۔ کسی بھی شکایت کی صورت میں صارفین کانٹیکٹ سینٹر ہیلپ لائن (111-111-425)، HBL کی کسی بھی برانچ سے رابطہ کر سکتے ہیں، یا دستیاب ذرائع کی مکمل فہرست کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

12۔ HBL کسی بھی وقت کیمپین بند کرنے اور/ یا کسی بھی وجہ سے HBL کی ویب سائٹ https://www.hbl.com/hblmobile کو اپ ڈیٹ کر کے ان شرائط وضوابط میں ترمیم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ صارفین کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کسی بھی تبدیلی سے باخبر رہنے کے لیے باقاعدگی سے HBL کی ویب سائٹ وزٹ کریں۔

13۔ ٹکٹس یا مرچنڈائز ناقابلِ منتقلی ہیں اور انہیں نقد رقم یا HBL کے کسی دوسرے ریوارڈ سے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ اگر ریوارڈ HBL PSL میچ کا ٹکٹ ہو تو HBL صرف ٹکٹ فراہم کرنے کا ذمہ دار ہوگا اور میچ میں شرکت کے لیے سفر، رہائش، ٹرانسپورٹیشن یا کسی بھی دوسرے اخراجات برداشت نہیں کرے گا۔ ٹکٹ میچ کی مقررہ تاریخ سے قبل فراہم کیے جائیں گے۔

14۔ ایسے صارفین جن کے اکاؤنٹس کیمپین کی مدت کے دوران یا بعد میں کسی بھی وقت بند، بلاک، غیر فعال، بلیک لسٹڈ یا زیر تفتیش ہوں گے، انہیں نااہل قرار دے دیا جائے گا۔

15۔ جیتنے والے صارف سے تین کوششوں کے بعد بھی رابطہ نہ ہونے کی صورت میں HBL ، ٹکٹس یا مرچنڈائز کی فراہمی منسوخ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ اگر تین کوششوں کے اندر رابطہ ہو جاتا ہے تو صارف کو ان کی جیت اور اس برانچ کے بارے میں مطلع کیا جائے گا جہاں سے انہیں ٹکٹ یا مرچنڈائز وصول کرنے ہیں۔ جیتنے والے صارف کو رابطہ ہونے کے بعد ٹکٹ یا مرچنڈائز وصول کرنے کے لیے تین (3) کاروباری دنوں کا وقت دیا جائے گا، مقررہ مدت میں رابطہ نہ کرنے کی صورت میں انعام منسوخ کر دیا جائے گا۔

16۔ HBL کے ملازمین اس کیمپین میں شرکت کے اہل نہیں ہیں۔

17۔ صرف کریڈٹ کارڈ ریلیشن شپ رکھنے والے صارفین (جن کا کوئی ڈپازٹ اکاؤنٹ نہیں) شرکت کے اہل نہیں ہیں۔

18۔ روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ اور صرف غیر ملکی کرنسی (FCY) میں اکاؤنٹ رکھنے والے صارفین اہل نہیں ہیں، تاوقتیکہ وہ پریفرڈ سیگمنٹ کے تحت ایک اہل مقامی پاکستانی روپے میں اکاؤنٹ کے حامل نہ ہوں۔

19۔ یہ شرائط وضوابط اس کیمپین کے حوالے سے صارف اور HBL کے مابین ایک مکمل معاہدہ تصور ہوں گی۔

20۔ اگر ان شرائط وضوابط کی کوئی بھی شق غیر فعال، غیر قانونی یا ناقابلِ نفاذ قرار پاتی ہے تب بھی بقیہ شقیں مکمل طور پر نافذ العمل رہیں گی۔

21۔ یہ شرائط وضوابط پاکستانی قوانین کے تابع ہوں گی، اور کسی بھی تنازعہ کی صورت میں کراچی، پاکستان کی عدالتوں کو ان پر خصوصی دائرہ اختیار حاصل ہوگا۔